سوال نمبر 15726

منجانب احمد کنڈی صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان محکمہ ہذا کے زیر انتظام کام کر رہی ہے؟	جی ہاں اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان محکمہ ھذا کے زیر انتظام کام کر رہی ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اتھارٹی نے پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج دینے کیلئے پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی ہے	جی ہاں اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کو پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں ملازمین کو گریجوئیٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کی منظوری دی گئی ہے
(ج)	آیا یہ درست ہے کہ بورڈ نے نیلام شدہ پلاٹوں سے حاصل شدہ رقم کی منظوری صرف اور صرف ملازمین کی گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کیلئے دی ہے؟	اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کی حد تک پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 پلاٹوں کی نیلامی کو سی پی فنڈ، گریجوٹی اکائٹ سے ملازمین کے تنخواہ کے لیے قرضے کی واپسی، موجودہ ملازمین کی تنخواہ یا وہ ملازمین جن کو مالی مشکلات کے باعث وقت سے پہلے ریٹائرڈ کیا گیا یا وہ جو اپنے وقت پر ریٹائر ہوئے یا جن کا معزز عدالت کی طرف سے پنشن ادائیگی کا حکم آیا اُن سب کو نیلام شدہ پلاٹوں سے حاصل شدہ رقم سے ادائیگی کی گئی۔
(د) (ذ) (i)	آیا یہ بھی درست ہے کہ حاصل شدہ رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈیرہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے نئی گاڑی بھی خریدی گئی ہے؟ اگر الف تا (د) کے جواب اثبات میں ہو تو:۔ اس سلسلے میں کتنے پلاٹس نیلام کئے گئے اور ان سے کتنی رقم حاصل کی گئی؟	جی نہیں مزید براں اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کی حد 43 پلاٹس نیلام کئے گئے اور ان سے تقریبا 10 کروڑ موصول ہوئے
(ii)	حاصل شدہ رقم سے کتنے ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کے تحت رقوم دی گئیں؟	اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کی حد تک 16 نمبرز ریٹائرڈ ایمپلائز (BPS-4 to BPS-16) کو تقریبا 6 کروڑ روپے گریجوٹی، سی پی فنڈ کی ادائیگی کی گئی مذید براں (17) نمبرز ریٹائرڈ ملازمین آفیسرز/آفیشل کو گریجوئیٹی اور سی پی فنڈ کی ادائیگی بقایا ہے۔
(iii)	کتنے ملازمین مذکورہ پیکج سے رہ گئے ہیں ان کو پیکج فراہم نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں۔	اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کی حد تک 17 ملازمین رہ گئے ہیں جن کو پیکج فراہم نہیں کیا گیا ہاں اگر کوئی گورنمنٹ کی طرف سے کوئی امداد آ گئی یا مستقبل میں پلاٹوں کی نیلامی کامیاب ہو گئی تو بقایا رہ جانے والے ریٹائرڈ ملازمین کو بھی جلد پیکج فراہم کر دیا جائے گا۔
(iv)	نیلام شدہ پلاٹوں سے حاصل شدہ رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈیرہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے جو نئی گاڑی خریدی گئی ہے اور اس کی دفتر کی تزئین و آرائش پر جو خرچ کئے گئے اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کی حد تک نیلام شدہ پلاٹوں سے حاصل شدہ رقم سے گاڑی نہیں خریدی گئی۔ دفتر کی حالت بہت خراب تھی بارش کے دنوں چھتیں ٹپکتی تھیں جس سے قیمتی ریکارڈ کے ضائع ہونے کا خدشہ تھا دفتر کے فرش بیٹھ چکے تھے اُن میں گڑھے پڑ گئے ڈی ڈی اے فیڈر پر 20 گھنٹوں تک لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے جس سے دفتری کام ٹھپ ہو گئے تھے۔ دفتر کے چھتوں کی مرمت کی گئی فرش مرمت کیئے گئے اور دفتری اوقات کے دوران بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے لیے ایک عدد 5KVA کا سولر پلانٹ لگایا گیا دفتر کو صاف پانی کی فراہمی کے لیے ایک عدد سمرسیبل پمپ لگایا گیا ہے۔